صدقہ

صدقہ

س ۱۸۲۰: امام خمینی ویلفیئرٹرسٹ (کمیتہ امداد امام خمینیۓ)نے صدقات اور خیرات جمع کرنے کیلئے جو مخصوص ڈبے گھروں میں رکھے ہوئے ہیں یا سڑکوں اورشہر و دیہات کے عمومی مقاما ت پر نصب کر رکھے ہیں تا کہ ان میں جمع ہونے والی رقم فقرا اور مستحقین تک پہنچاسکیں کیا جائز ہے کہ ا س ٹرسٹ کے ملازمین کواس ماہانہ تنخواہ اور سہولیات کے علاوہ جو انہیں ٹرسٹ کی طرف سے ملتی ہیں ان ڈبوں سے حاصل ہونے والی رقم کا کچھ فیصد اجرت کے طور پر دیا جائے ؟اور کیا جائز ہے کہ اس سے کچھ مقدار رقم ان لوگوں کو دی جائے جو اس رقم کو جمع کرنے میں مدد کرتے ہیں لیکن وہ ٹرسٹ کے ملازم نہیں ہیں ؟

ج :ٹرسٹ کے ملازمین کو اس ماہانہ تنخواہ کے علاوہ جو وہ لیتے ہیں صدقات کے ڈبوں سے کچھ مقدار رقم اجرت کے طور پر دینے میں اشکال ہے ۔ بلکہ جب تک صاحبان مال کی رضامندی ثابت نہ ہوجائے جائز نہیں ہے لیکن اس میں سے کچھ رقم ان لوگوں کو اجرۃ المثل (مناسب اجرت)کے عنوان سے دینے میں کوئی حرج نہیں ہے جو ڈبوں کی رقم جمع کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں البتہ اگر صدقات جمع کرنے اور مستحق تک پہنچانے میں انکی ضرورت ہو، بالخصوص اگر ظاہری علامات صاحبان اموال کے اس کام پر راضی ہونے پر دلالت کریں ۔

س ۱۸۲۱: کیا ان گدا گروں کوجو گھروں پر آتے ہیں یا سڑکوں کے کنارے بیٹھتے ہیں صدقہ دینا جائز ہے یا یتیموں اور مسکینوں کو دینا بہتر ہے یا صدقات کے ڈبوں میں ڈالے جائیں تا کہ وہ رقم ویلفیئرٹرسٹ کے پاس پہنچ جائے ؟

ج: بہتر یہ ہے کہ مستحبی صدقات دیندار اور پاکدامن فقراء کو دیئے جائیں ، اسی طرح انہیں ویلفیئر ٹرسٹ کو دینے میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے اگرچہ یہ صدقات کے ڈبوں میں ڈالنے کی صورت میں ہو ، لیکن واجب صدقات میں ضروری ہے کہ انہیں انسان خود یا اس کا وکیل مستحق فقرا تک پہنچائے اور اگر انسان کو علم ہو کہ ویلفیئر ٹرسٹ کے ملازمین ڈبوں سے جمع ہونے والی رقم مستحق فقیروں تک پہنچاتے ہیں تو صدقات کے ڈبوں میں ڈالنے میں بھی کوئی اشکال نہیں ہے ۔

س ۱۸۲۲: ان گداگروں کے بارے میں انسان کی ذمہ داری کیا ہے جو دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے ہیں او رگدائی کے ذریعہ اپنی زندگی بسر کرتے ہیں اور اسلامی معاشرے کے چہرے کو بدنما بناتے ہیں خصوصاً اب جبکہ حکومت نے ان سب کو پکڑنے کا اقدام کیا ہے ؟ کیا ان کی مدد کرنا جائز ہے ؟

ج: کوشش کریں کہ صدقات متدین اور پاکدامن فقرا کو دیں ۔

س ۱۸۲۳:میں مسجد کاخادم ہوں اور میرا کام رمضان المبارک کے مہینے میں زیادہ ہوجاتا ہے اسی وجہ سے بعض نیک اورمخیر لوگ مجھے مدد کے طور پر کچھ رقم دے دیتے ہیں کیا میرے لیئے اسکا لینا جائز ہے ؟

ج : جو کچھ وہ لوگ آپ کو دیتے ہیں وہ انکی طرف سے آپ کے ساتھ ایک نیکی ہے پس آپکے لیئے حلال ہے اور اسکے لینے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔